# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 13 May -2026

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۳/ مئی ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ طبی نصاب میں داخلے کے لیے منعقد کئے گئے نیٹ امتحانات منسوخ۔ ناسک سے ایک شخص گرفتار۔

☆ بین الاقوامی نرسیس ڈے کی مناسبت سے فلورینس نائٹنگل ایوارڈ تقسیم۔

☆ NCERTاور CBSE کا مصنوعی ذہانت پر مبنی نیا نصاب۔

☆ سانگلی میں بارش کے باعث دیوار منہدم ہونے سے 6/ افراد کی موت۔ پربھنی میں ریت کے ٹپر کی ٹکر سے سابق سرپنچ ہلاک

☆ ہنگولی ضلع کے متعدد دیہاتوں میں زلزلے کے خفیف جھٹکے۔

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ میں آئندہ دو دنوں میں گرمی کا یلو الرٹ

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

میڈیکل ڈگری نصاب میں داخلے کے لیے تین مئی کو منعقدہ نیٹ امتحان منسوخ کر دیا گیا ہے۔ قومی جانچ ادارے این ٹی اے کے ڈائریکٹر جنرل ابھیشیک سنگھ نے یہ اطلاع دی۔ اس امتحان کا سوالیہ پرچہ افشاء ہو جانے کے سبب یہ فیصلہ کیا گیا۔ مرکزی تحقیقاتی ادارے سی بی آئی کو اس معاملے کی تحقیقات سپرد کر دی گئی ہے۔

از سر نو امتحانات کی تاریخ اور نئے ایڈمیشن کارڈ عنقریب جاری کئے جائیں گے۔ طلباء کو امتحانات کے لیے نئے سرے سے درخواست دینے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ ابھیشیک سنگھ نے بتایا کہ طلباء کو کوئی نئی فیس ادا کرنا نہیں ہوگا بلکہ اس سے قبل ادا کی گئی فیس بھی واپس کی جائے گی۔ انہوں نے کہا

**Byte : Abhishek Singh , DG of National Testin Agecy**

نیٹ امتحان منسوخ ہونے پر لاتور کے طلباء و طالبات اور سرپرستوں نے شدید ناراضگی کا اظہار کیا ہے۔ سرپرستوں نے سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ طلباء کے نفسیاتی دباؤ میں اضافہ ہوا ہے۔ تاہم طلباء کا کہنا ہے کہ خاطیوں کے خلاف سخت کاروائی کی جائے اور حقدار طلباء کو نقصان سے بچایا جائے۔ لاتور کی ایک خانگی کوچنگ کلاسیس کے خلاف ایک طالبہ کے سرپرست نے پولس سپرنٹنڈنٹ دفتر میں شکایت درج کروائی ہے۔ شکایت میں کہا گیا ہے کہ متعلقہ کوچنگ کلاس کی جانب سے لیے گئے موک ٹیسٹ میں 42 سوالات ٹھیک اسی طرح نیٹ امتحان میں بھی پوچھے گئے تھے۔

دریں اثناء سوالیہ پرچہ افشاء ہونے کے معاملے میں ناسک پولس نے ایک ملزم کو گرفتار کیا ہے۔ اس طرح اس معاملے میں مہاراشٹر سے اب تک حراست میں لیے گئے افراد کی تعداد دو ہوگئی ہے۔

***** ***** *****

وزیرمحصول چندر شیکھر باون کڑے نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی، مہاتما گاندھی کے دیئے گئے سودیشی افکار کو ہی آگے لا رہے ہیں۔کل ناگپور میں نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ معاشی استحکام کے لیےقومی دولت ملک ہی میں رہنا چاہئے۔وزیراعظم کی جانب سے کفایت شعاری کی تجویز پرحزب اختلاف کے ردعمل کو باون کڑے نے سخت تنقید کا نشانہ بنایا۔

***** ***** *****

اولا۔اوبراور ریپیڈو جیسی غیر مجاز بائیک ٹیکسی ایپ خدمات فوری بند کر کے متعلقہ کمپنیوں کے مالکوں کے خلاف مقدمہ درج کرنے کا سخت موقف وزیرحمل ونقل پرتاپ سرنائیک نے اختیار کیا ہے۔اس خصوص میں ایک مکتوب مہاراشٹر سائبر محکمے کے ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل آف پولس کو ارسال کیا گیا ہے۔کسی بھی اجازت یا لائسنس کے بغیران ایپس کے ذریعے مسافروں کی حمل ونقل جاری ہے۔سرنائیک نے کہا کہ حفاظت عامہ کے نکتۂ نظر سے یہ امر انتہائی تشویشناک ہے۔

***** ***** *****

پولس ملازمین کے مکانات کے لیےایک ہزار 768 رکروڑ روپیئے کےفنڈز کو منظوری دے دی گئی ہے۔اس سلسلے میں محکمے کے ہاوسنگ و بہبود شعبے کی تجویز کو وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے منظوری دی ۔ پولس اہلکاروں کو ذاتی گھر مل سکے اس کے لیے یہ فیصلہ کیا گیا۔ ریاست کے پانچ ہزار چار سو 59 اہلکاروں کو اس فیصلے کا فائدہ ہوگا۔

***** ***** *****

بین الاقوامی نرسیس ڈے کل منایا گیا۔اس دن کی مناسبت سے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے اس بار کےفلورینس نائٹنگل ایوارڈز تقسیم کیئے۔نئی دہلی کے راشٹر پتی بھون میں منعقدہ ایک تقریب میں صدر جمہوریہ نے نرسنگ شعبے میں شاندار کارکردگی پیش کرنے والے 15 رافراد کو ایوارڈز دیئے۔ ایوارڈز حاصل کرنے والوں میں چندر پور کے سرکاری میڈیکل کالج میں گذشتہ 24 برسوں سے برسر خدمت اُجولا مہادیوسویم بھی شامل ہیں۔

***** ***** *****

NCERT اور CBSE نے مشترکہ طور پر جماعت سوم تا ہشتم جماعت کے طلباء کے لیے کمپیوٹر اور مصنوعی ذہانت یعنی Artificial Intelligence پر مبنی نئے مضامین شروع کیئے ہیں۔موسم گرما کی تعطیلات میں اس نئے نصاب کی اساتذہ کو تربیت دی جائے گی اور اسکول دوبارہ شروع ہونے پران مضامین کی تدریس کی جائے گی۔NCERT کی جانب سے جماعت نہم۔دہم۔گیارہویں اور بارہویں کے لیےبھی مصنوعی ذہانت کی نصابی کتب تیار کی جارہی ہے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

اسکولوں میں حق تعلیم سے متعلق قانون RTE کے تحت محفوظ 25 فیصد نشستوں کے لیے داخلے کی مدت اس ماہ کی آٹھ تاریخ کو ختم ہوئی۔اس میں چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع میں اب تک تین ہزار 438 طلباء کا داخلہ حتمی طور پر ہو چکا ہے۔تاہم چند نشستیں خالی ہونے کے باعث ویٹنگ لسٹ کے طلباء کو داخلے کا موقع ملے گا۔اس کے لیے ٹائم ٹیبل بہت جلد جاری کیا جائے گا۔

***** ***** *****

سانگلی ضلع میں تیز رفتار ہواؤں اور بارش کے سبب ایک دیوار منہدم ہونے سے چھ زائرین ہلاک اور 15 تا 20 رافراد زخمی ہوگئے۔جت تعلقے کے

موٹے واڑی میں ہر منگل اور جمعہ کو ہونے والی مرگو بائی یاترا میں یہ حادثہ پیش آیا۔زخمیوں کو جت اور سانگلی کے سرکاری اسپتال میں داخل کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

پربھنی ضلع کے پورنا تعلقے کے سندلا پور میں پورنا ندی سے ریت لے جانے والے ٹپر کی ٹکر سے سابق سرپنچ اور موجودہ سرپنچ کے شوہر پنڈت راؤ مہاترے جائے حادثہ پر ہی ہلاک ہوگئے۔مشتعل ہجوم نے ٹپر کو آگ لگادی جس سے وہاں کچھ دیر کشیدگی پیدا ہوگئی تھی بعدازاں پولس نے حالات پر قابو پالیا

***** ***** *****

ہنگولی ضلع کے بسمت ۔کلمنوری اور اونڈھا تعلقوں کے کئی دیہاتوں میں کل شام زمین کے اندر سے آواز اور زلزلے کے خفیف جھٹکے محسوس کیئے گئے۔زلزلہ پیما پران جھٹکوں کی شدت 4.3 درج کی گئی۔گذشتہ دوماہ میں پانچویں بار آئے اس خفیف زلزلے سے شہریوں میں خوف وہراس پایا جاتا ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر شہر کی پانی کی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے ممبئی عدالت عالیہ کی 12 رجون کی ڈیڈ لائین سے قبل نئی آب رسانی اسکیم کا کام جنگی پیمانے پر جاری ہے۔پیر کو جیک ویل پر پمپنگ کامیابی سے شروع ہوئی۔کل یہ پانی نکشتر واڑی کے واٹر ٹریٹمنٹ مرکز پہنچ گیا۔22 رمئی تک اسے مرکزی ذخیرۂ آب تک پہنچانے کی منصوبہ بندی ہے۔

***** ***** *****

آئندہ مانسون میں ممکنہ قدرتی آفات سے موثر مقابلے کے لیے پربھنی ضلع کے تمام محکموں کو باہمی تال میل سے کام کرنے کی ہدایت ضلع کلکٹر سنجئے سنگھ چوہان نے کی ہے۔وہ کل مانسون سے قبل تیاری کے جائزہ اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔اس موقع پر انہوں نے متعلقہ افراد کو ضروری ہدایات بھی جاری کیں۔

***** ***** *****

مردم شماری کے احکامات ملنے کے باوجود ڈیوٹی پر حاضر نہ ہونے والے اساتذہ کے خلاف مقدمہ درج کرنے کا انتباہ چھترپتی سمبھاجی نگر کے میونسپل کمشنر امول یڈگے نے دیا ہے۔انہوں نے میونسپل کارپوریشن کے اسکولوں میں کام کرنے والے اساتذہ کو احکامات ملنے کے باوجود بھی غیر حاضر رہنے پر معطل کرنے کا بھی حکم جاری کیا۔انہوں نے کہا کہ اساتذہ فوری کام پر رجوع ہوکر رپورٹ پیش کریں۔

***** ***** *****

موسم:

ریاست میں کل سب سے زیادہ درجۂ حرارت 45.1 سیلسیس آکولہ میں درج کیا گیا۔مراٹھواڑہ کے بیڑ میں 43.5 اور چھترپتی سمبھاجی نگر میں 43.4 سیلسیس درجۂ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔

اس دوران مراٹھواڑہ کے چھترپتی سمبھاجی نگر۔جالنہ۔بیڑ۔پربھنی۔ہنگولی اور ناندیڑ اضلاع میں دودنوں کے لیے تپش کا یلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

:::::سرخیاں::::::

آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:

☆ طبی نصاب میں داخلے کے لیے منعقد کئے گئے نیٹ امتحانات منسوخ۔ ناسک سے ایک شخص گرفتار۔

☆ بین الاقوامی نرسیس ڈے کی مناسبت سے فلورینس نائٹنگل ایوارڈ تقسیم۔

☆ NCERTاور CBSE کا مصنوعی ذہانت پر مبنی نیا نصاب۔

☆ سانگلی میں بارش کے باعث دیوار منہدم ہونے سے 6/افراد کی موت۔ پربھنی میں ریت کے ٹپر کی ٹکر سے سابق سرپنچ ہلاک

☆ ہنگولی ضلع کے متعدد دیہاتوں میں زلزلے کے خفیف جھٹکے۔

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ میں آئندہ دو دنوں میں گرمی کا یلو الرٹ

***** ***** *****